تھے کہ اس دیوانۂ نامِ محمد ﷺ کی آخری زیارت کا شرف حاصل کریں۔ کوئی آنکھ نہیں تھی جس سے سیل سرشک نہ بہہ نکلا ہو کوئی دل نہ تھا جس کی بے قراری اور بے تابی سے دھڑکنیں صاف سنائی نہ دیتی ہوں۔ کوئی زبان نہ تھی جو دبے دبے گھٹے گھٹے نالہ وفغاں میں مصروف نہ ہو۔ اور پھر جب اس درویشِ بے گلیم کا جنازہ اٹھا تھا اور آخری آرام گاہ کی طرف چلنے لگے تو فرطِ غم سے لوگوں کے پاؤں اس قدر بوجھل ہو چکے تھے کہ چلنا محال ہو گیا تھا۔ ملتان کے باشندے اتنا بڑا مجمع دیکھ کر سخت حیرت زدہ رہ گئے تھے۔ لیکن جب کسی ملتانی ہی نے کہا کہ "اے پیر سائیں دا جلوس ہے نا۔" توان کا تحیر ٹوٹا۔ اور اب سب کی زبان پر تھا کہ

"ہاں اے پیر سائیں دا جلوس اے۔ پیر سائیں دا۔"

آج شاہ جی اس دارِ فانی میں نہیں ہیں اور صرف ان کی یاد مونس الارواح ہے۔ لیکن ان کی زندگی کے مجاہدانہ کارنامے اور عشقِ رسول ﷺ کے بے پناہ جذبات اس مردِ درویش کو ہمیشہ ہمیشہ زندہ و تابندہ رکھیں گے۔ اور کوئی طاقت بھی ان کے نام کو صفحۂ ہستی سے نابود نہیں کرسکے گی۔ کیونکہ تاریخ کے صفحات اس نام کو اپنے دامن میں سمیٹنے کے لئے مجبور ہوتے ہیں جو عوام کے لوحِ دل پر ثبت ہوں اور شاہ جی کا نام گوناگوں اوصاف کے باعث لوگوں کے دلوں پر اس طرح نقش ہے۔ کہ مٹائے نہیں مٹ سکے گا۔

شاہ جی دے نال

قوم دے درد نوں جانن والا اج اوہ ساڈے کول نئیں
جھوٹ تے سچ نوں وکھ کر دسیا، ماسہ ایس وچ جھول نئیں
اُس دی سوچ تے فکر سنیہا ساڈے لئی اے بانگ درا
ایہہ موتی انمول نے سجنا پیراں دے وچ رول نئیں
لعنت اوس درتارے اُتے کرے جو کم فریباں لئی
شاہ جیؒ دا آکھان ہے یارو، تیرا میرا بول نئیں
اوہدے گھروں کیہہ کیہہ ورتی، کیہہ پچھو، کیہہ دساں میں
یاد اُوہدی تڑپاوے ساہنوں، ہجر کہانی پھول نئیں
عزت، غیرت، اَنڑکھ دی خاطر آہڈا لا غداراں نال
دین ایمان دی خاطر سجناں، پھڑ تلوار، کشکول نئیں
ظلمت دے ایس موسم دے وچ سورج بن نئیں سکدا
جیہڑا بندہ یار عزیزا، ہمت رکھدا کول نئیں!

عزیز سندھو (ملتان)